فوری ریلیز کے لیے: 6/3/2023 **گورنر KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے ریاست بھر میں پانی کے معیار کے تحفظ کے 86 پروجیکٹس کے لیے 110$ ملین کی گرانٹس کا اعلان کیا ہے***

***ماحولیاتی انصاف کرنے والی کمیونٹیز کو 90$ ملین سے نوازا گیا ہے***

***پانی کے پرانے بنیادی ڈھانچے کو جدت آمیز کرنے، نقصان دہ کائی کے اگاؤ کی روک تھام کرنے، پینے کے پانی کو محفوظ بنانے، اور ممکنہ آلودگی کو روکنے کے لیے فنڈنگ***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست بھر میں پانی کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے دو گرانٹ پروگرامز کے ذریعے 86 پروجیکٹس کو تقریباً 110$ ملین دیئے گئے تھے۔ گرانٹ پروگرامز سے ایسے منصوبوں کی معاونت کی جائے گی جن سے پینے کے پانی کے تحفظ میں مدد ملے گی، نقصان دہ کائی کے اگاؤ کے اسباب کا تدارک کیا جائے گا، پانی کے پرانے ڈھانچے کو جدت آمیز کیا جائے گا، اور ریاست بھر کی کمیونٹیز میں آبی حیات کے ماحول کو بہتر بنایا جائے گا، جس میں 90$ ملین سے زائد فنڈنگ کی معاونت سے ماحولیاتی انصاف والی کمیونٹیز میں پانی کے معیار کو بہتر بنایا جائے گا جو ماحولیاتی آلودگی سے غیر متناسب طور پر متاثر ہو چکی تھیں۔

"نیویارک کی جانب سے تاریخی سطح پر مالی امداد کی فراہمی مسلسل جاری ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ نیویارک کے تمام شہریوں کو آنے والی نسلوں تک کے لیے صاف پانی تک رسائی حاصل ہو،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم نیویارک کے پرانے بنیادی ڈھانچے کو جدت آمیز کرتے رہیں گے اور اپنے پانی کے تحفظ کو مضبوط بناتے رہیں گے - جس کے نتیجے میں ریاست بھر میں کمیونٹیز کے معیار زندگی میں اور صحت عامہ میں بہتری آئے گی۔"

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (New York State Department of Environmental Conservation, DEC) کے زیر انتظام 110$ ملین کی گرانٹس دی گئی تھیں، جس میں ریاست کے پانی کے معیار میں بہتری پروجیکٹ (Water Quality Improvement Project, WQIP) کے پروگرام کے ذریعے 108$ ملین سے زائد رقم 51 پروجیکٹس پر اور غیر زرعی نان پوائنٹ سورس پلاننگ اور میونسپل سیپریٹ سٹارم سیور سسٹم میپنگ گرانٹ (Non-Agricultural Nonpoint Source Planning and Municipal Separate Storm Sewer System Mapping Grant, NPG) کے ذریعے تقریباً 2$ ملین کی رقم 35 پروجیکٹس پر خرچ کی جائے گی۔ ریاست نیویارک کی جانب سے ایسے پروجیکٹ کی فنڈنگ کو ترجیح دی جا رہی ہے جو نقصان دہ کائی کے اگاؤ (harmful algal blooms, HABs) کی افزائش کو کم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ WQIP اور NPG کی جانب سے دی گئی گرانٹس کا تقریباً نصف، جو کہ کُل تقریباً 45$ ملین ہیں، ان کو واٹر شیڈز میں ایسے پروجیکٹس کی معاونت پر خرچ کیا جائے گا جو پچھلے پانچ سالوں میں HABs کا تجربہ حاصل کر چکے ہیں اور/یا DEC HABs کے ایکشن پلان میں نشاندہی کردہ پروجیکٹ پر عمل درآمد میں مدد کریں گے۔

**ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "گورنر Hochul پانی کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے اپنی وابستگی کا مسلسل اظہار کرتی ہیں، میں جانتا ہوں کہ یہ بات ان کے لیے کتنی اہم ہے۔ وہ اس بات کو تسلیم کرتی ہیں کہ صاف پانی تک رسائی کے بغیر ہم اپنی کمیونٹیز کی صحت اور ماحول کو قائم و

دائم نہیں رکھ سکتے۔ آج اعلان کردہ گرانٹس سے ریاست بھر کی کمیونٹیز کو اپنے پینے کے پانی کی حفاظت میں مدد ملے گی تاکہ خاندانوں کو معلوم ہو کہ انہیں ایک ایسی چیز تک رسائی حاصل ہے جو کوئی آسائش نہیں ہے، بلکہ ایک انسانی حق ہے۔"

WQIP گرانٹ پروگرام سے ایسے منصوبوں کو فنڈ ملتا ہے جو پانی کے معیار یا آبی مسکن میں براہ راست بہتری لاتے ہیں، یا پینے والے پانی کے ایک منبع کی حفاظت کرتے ہیں۔ ریاست کے ماحولیاتی تحفظ فنڈ (Environmental Protection Fund, EPF) اور صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے میں بہتری ایکٹ ( Clean Water Infrastructure Improvement Act) کی فنڈنگ سے جزوی طور پر معاونت حاصل کرنے والے، WQIP پروجیکٹس میں میونسپل کے نکاسی والے پانی کے ٹریٹمنٹ میں اپ گریڈز کرنا، غیر زرعی نان پوائنٹ سورس میں تخفیف اور کنٹرول، پانی کے منبع کے تحفظ کے لیے زمین کے حصول کے پروجیکٹس، نمک ذخیرہ کرنے کے لیے تعمیر، آبی رابطے کی بحالی، اور سمندری رہائش گاہ کی بحالی شامل ہے۔

NPG پروگرام ایسے پروجیکٹس کو فنڈز فراہم کرتا ہے جو غیر زرعی نان پوائنٹ سورس پانی کے معیار میں بہتری لانے کے پروجیکٹس کی ابتدائی منصوبہ بندی کے لیے ادائیگی کرنے میں مدد کرتے ہیں، جیسے کہ نکاسی کی تنگ نالیوں کی تبدیلی اور سر سبز بنیادی ڈھانچے والی ٹیکنالوجیز، اور شہری علاقوں میں ریاست کی اجازت کے تحت طوفان میں نکاسی آب کی نقشہ بندی۔ ان پروجیکٹس پر، جب عمل درآمد ہو جائے گا، تو جھیلوں، دریاؤں اور ندی نالوں میں داخل ہونے والے آلودہ طوفانی پانی کے بہاؤ کی مقدار کو کم کر دیں گے، اور موسمیاتی اثرات کے خلاف پائیداری میں بہتری لائیں گے۔ اس گرانٹ کو ریاست کے EPF سے تعاون حاصل ہے، جو گورنر Hochul کے 24-2023 کے ایگزیکٹیو بجٹ میں تاریخ ساز 400$ ملین پر برقرار رکھی گئی ہے۔ EPF اہم ماحولیاتی پروگرامز کے لیے فنڈ فراہم کرتا ہے جیسے کہ زمین کا حصول، کھیتی باڑی کا تحفظ، ناگوار کیڑوں کی روک تھام اور خاتمہ، تفریحی رسائی میں اضافہ، پانی کے معیار میں بہتری لانا، اور جارحانہ ماحولیاتی انصاف کا ایجنڈا۔

یہاںWQIP https://www.dec.ny.gov/pubs/4774.html کے لیے
اورNPG https://www.dec.ny.gov/pubs/116725.html کے لیے ایوارڈ یافتگان کی مکمل فہرست دیکھی جا سکتی ہے۔ اس راؤنڈ میں فنڈز حاصل کرنے والے 51 پروجیکٹس جو WQIP ایوارڈز کے طول و عرض اور دائرہ کار کو نمایاں کرتے ہیں ان کی مثالوں میں یہ شامل ہیں:

**گندے پانی کی نکاسی کے پروجیکٹس:**

- **اونونڈاگا کاؤنٹی - گندے پانی کی صفائی کے بنیادی ڈھانچے کے لیے 10$ ملین، مشترکہ سیوریج اوور فلو/سینٹری سیوریج اوور فلو میں کمی لانا (مرکزی نیویارک):** اس کاؤنٹی میں لی کریک اور لیورپول کے علاقوں میں سیوریج کے مرکزی نظام کی مرمت اور/یا تبدیلی کی جائے گی، اونونڈاگا جھیل کے پانی کے معیار کو بہتر بنایا جائے گا۔
- **چینانگو قصبہ - گندے پانی کی صفائی کی سہولت گاہ میں بہتری لانے کے لیے 10$ ملین (جنوبی سلسلہ):** یہ قصبہ اپنی نارتھ گیٹ سہولت گاہ پر ٹریٹمنٹ کی نئی ٹیکنالوجی کا اضافہ کرے گا تاکہ ریاستی معیارات کو پورا کیا جا سکے اور دریائے چینانگو اور چیسپیک بے واٹر شیڈ میں فاسفورس کی مقدار کو کم کرتے ہوئے پانی کے معیار کو بہتر بنایا جا سکے۔
- **بفلو سیور اتھارٹی - گندے پانی کی صفائی کے بنیادی ڈھانچے کے لئے 10$ ملین، مشترکہ سیور اوور فلو/سینیٹری سیور اوور فلو کی آلودگی میں کمی لانا (مغربی نیویارک):** بفلو سیور اتھارٹی، برڈ آئی لینڈ میں گندے پانی کی ٹریٹمنٹ کی سہولت گاہ میں گندے پانی کی صفائی کے آلات کو بہتر بنائے گی، جس میں پرائمری ترسیب والے ٹینکس کی بحالی اور پمپنگ اور پائپنگ، اور جراثیم کشی کی ایک نئی سہولت گاہ کی تنصیب شامل ہے۔ اس پروجیکٹ میں سہولت گاہ کے ذریعے نمی والے موسم کے بہاؤ کے لیے بنیادی ٹریٹمنٹ کی اعلیٰ سطحیں فراہم کی جائیں گی اور دریائے نیاگرا میں داخل ہونے والے پانی کے معیار کو بہتر بنایا جائے گا۔ اس کی بنیاد اکتوبر میں اس اعلان پر ہے کہ برڈ آئی لینڈ گندے پانی کے ٹریٹمنٹ کی سہولت گاہ میں بہتری کے پروجیکٹ پر تعمیراتی کام کا آغاز ہو گیا ہے۔

- **ہرمن کا قصبہ - گندے پانی کی صفائی کی سہولت گاہ میں بہتری لانے کے لیے 718,400$ (شمالی ملک):** یہ ٹاؤن ایلم کریک کے پانی کے معیار کو بہتر بناتے ہوئے، الٹرا وائلٹ جراثیم کشی کا سامان شامل کرتے ہوئے اپنی گندے پانی کی صفائی کی سہولت گاہ کو اپ گریڈ کرے گا۔

**نان پوائنٹ سورس میں تخفیف کے پروجیکٹس:**

- **نیویارک سٹی محکمۂ ماحولیاتی تحفظ - سر سبز بنیادی ڈھانچے کے طریقۂ کاروں کے لیے 2$ ملین (نیویارک شہر):** شہر کی ملکیتی شاہراہوں کی وسطی روشوں کو سر سبز بنیادی ڈھانچے کے طریقوں کے ساتھ اپ گریڈ کیا جائے گا تاکہ مقامی پانی کے معیار کو محفوظ رکھا جا سکے اور اندرون ملک سیلاب کے چیلنجوں سے نمٹا جا سکے۔
- **پلیٹس برگ شہر - باتھنگ بیچ کی بحالی کے لیے 817,525$ (شمالی ملک):** اس شہر کے شہری ساحلِ سمندر پر سرسبز بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس لاگو کیے جائیں گے۔ اس کے طریقۂ کاروں میں طوفانی پانی کی نکاسی کے لیے درختوں والی نالیاں اور حیاتیاتی تحفظ کے علاقے شامل ہوں گے تاکہ طوفانی پانی کے بہاؤ کو محفوظ بنایا جا سکے۔ یہ پروجیکٹ چمپلین جھیل کے کمبرلینڈ بے حصے میں غذائی اجزاء، تلچھٹ اور طوفانی پانی کے بہاؤ کو کم کرے گا۔
- **اونٹاریو کاؤنٹی مٹی اور پانی کو محفوظ بنانے کا ڈسٹرکٹ - سڑک کے گڑھوں کو ہموار کرنے کے ایک پروگرام کے لیے 610,000$ (فنگر لیکس):** مٹی اور پانی کو محفوظ بنانے کے ڈسٹرکٹ کی جانب سے کینڈائس اور برسٹل کے قصبوں میں سڑک کے کناروں کو ہموار بنانے کا پروگرام نافذ کیا جائے گا۔ اس پروگرام سے طوفانی پانی کے بہاؤ میں سست روی لائی جائے گی، سڑک کے کنارے کے کٹاؤ کو کم کیا جائے گا، اور غذائی اجزاء اور دیگر آلودگیوں کی مقدار کو کم کیا جائے گا جو راچیسٹر میں پینے کے پانی کی فراہمی اور دریائے جینسی کے واٹرشیڈ میں مل کریک میں داخل ہو سکتی ہیں۔
- **چوٹوقوا کاؤنٹی مٹی اور پانی کو محفوظ بنانے کا ڈسٹرکٹ - چشموں کے کنارے/ ساحلی کنارے کو پختہ کرنے کے ایک پروگرام کے لیے 432,555$ (مغربی نیویارک):** مٹی اور پانی کو محفوظ بنانے کے ڈسٹرکٹ کی جانب سے چوٹوقوا کاؤنٹی میں متعدد مقامات پر چشمے کی درجہ بندی کی جائے گی، اور نباتاتی علاقے بنائے جائیں گے۔ اس پروجیکٹ سے چوٹوقوا جھیل کے آبی ذخائر میں کٹاؤ، تلچھٹ اور غذائی اجزاء میں کمی لائی جائے گی۔

**پینے کے پانی کے ذرائع کی حفاظت کے لیے زمین کے حصول کے منصوبے:**

- **سٹی آف واٹرولیٹ - واٹرولیٹ آبی ذخیرے کی حفاظت کی خاطر زمین کے حصول کے لیے 480,000$ (دار الحکومتی ڈسٹرکٹ):** یہ شہر اپنے پینے کے پانی کے ماخذ، واٹر ولیٹ آبی ذخیرے سے ملحقہ 58 ایکڑ اراضی حاصل کرے گا۔ اس پارسل کو حاصل کرنے سے آبی ذخیرے کو ترقیاتی کام یا زمین کے استعمال کی بعض سرگرمیوں سے وابستہ ممکنہ آلودگی سے بچایا جائے گا۔ یہ زمین غیر ترقی یافتہ جنگل کے طور پر برقرار رہے گی، جو آبی ذخیرے کے لیے قدرتی دریائی علاقے کے طور پر موجود رہے گی۔

**نمک کو ذخیرہ کرنا:**

- **انڈین جھیل کا قصبہ - نمک ذخیرہ کرنے کی نئی مشترکہ سہولت گاہ کے لیے 225,000$ (شمالی ملک):** یہ قصبہ نمک ذخیرہ کرنے کی ایک سہولت گاہ تعمیر کرے گا تاکہ ان کے موجودہ نمک کے کھلے ڈھیر کو چھت کے نیچے رکھا جا سکے۔ اس ڈھانچے میں ذخیرہ شدہ نمک کو انڈین لیک اور

ہیملٹن کاؤنٹی کے قصبے دونوں استعمال کریں گے۔ یہ ڈھانچہ دریائے سیڈر اور ملحقہ زیر زمین پانی کے آبی معیار کی حفاظت کرے گا۔

**آبی رابطے کی بحالی:**

- **السٹر کاؤنٹی - آبی رابطے کی بحالی کے لیے 250,000$ (مڈ-ہڈسن):** یہ کاؤنٹی چشمے کی ایک ناکارہ اور چھوٹی ندی کو ووڈ اسٹاک میں ساکِل کریک کی معاون ندی سے تبدیل کر دے گی۔ یہ پروجیکٹ 2.2 میل لمبے آبی مسکن کو باہم ملا دے گا اور لوئر ایسوپس کریک واٹرشیڈ میں سیلاب کے حادثات میں کمی لائی جائے گی۔

**سمندری مسکن کی بحالی:**

- **سیو دی ساؤنڈ - سمندری مسکن کی بحالی کے لیے 749,976$ (نیویارک شہر):** سیو دی ساؤنڈ سے چار ایکڑ پر محیط نمکین دلدلی علاقے کو بحال کیا جائے گا اور ساحل کی 1,100 فٹ لمبائی پر اویسٹر کے قلعے اور سرسبز پودے لگائے جائیں گے۔ اویسٹر کے قلعے اور سرسبز پودوں سے طوفان کے پانی سے غذائی اجزاء فلٹر ہو جائیں گے اور اوڈلز کوو میں دلدلی علاقے کے کنارے پختہ ہو جائیں گے۔
- **سیٹک ماحولیاتی ایسوسی ایشن - سمندری مسکن کی بحالی کے لیے 320,000$ (لانگ آئی لینڈ):** سیٹک ماحولیاتی ایسوسی ایشن، وانٹاغ میں مل تالاب ڈیم پر مچھلی کے لیے گزرنے کے راستے بنائے گی۔ یہ پروجیکٹ بیلمور کریک میں آبی حیات اور مچھلیوں کو میٹھے پانی میں پھیلے ہوئے مسکن تک رسائی فراہم کرے گا۔

اس راؤنڈ میں فنڈز حاصل کرنے والے 35 پروجیکٹس جو NPG ایوارڈز کے طول و عرض اور دائرہ کار کو نمایاں کرتے ہیں ان کی مثالوں میں یہ شامل ہیں:

**میونسپل علیحدہ طوفانی پانی کی نکاسی کے نظام کی (MS4) نقشہ سازی:**

- **اونونڈاگا کاؤنٹی کا دفتر برائے ماحولیات- 396,000$ برائے MS4 نقشہ سازی (مرکزی نیویارک):** اونونڈاگا کاؤنٹی کے دفتر برائے ماحولیات کی جانب سے مرکزی نیویارک کے علاقائی منصوبہ بندی اور ترقیاتی بورڈ کے ساتھ مل کر سیراکیوز کے علاقے میں 30 ریگولیٹڈ MS4s کے لیے طوفان کے پانی کی نکاسی کے نظام کی جامع نقشہ سازی مکمل کرنے کے لیے کام کیا جائے گا۔ نقشہ سازی میں تمام بنیادی اور اضافی عنصر کا ڈیٹا شامل ہو گا تاکہ ان کے طوفانی پانی کے منظم شدہ نظاموں کے بہتر انتظام کو آسان بنایا جا سکے۔
- **اورنج ٹاؤن کا قصبہ - MS4 نقشہ سازی کے لیے 75,000$ (مڈ-ہڈسن):** یہ ٹاؤن دریائے بیکنسیک، لوئر ناروشون بروک، اور لوئر ہڈسن دریائے ایسٹوری کے واٹرشیڈز میں طوفانی پانی کے نکاسی کے نظام کی جامع نقشہ سازی کے لیے ایک انجینئرنگ فرم کی خدمات حاصل کرے گا۔ نقشہ سازی میں طوفانی پانی کے باقاعدہ نظام کا انتظام کرنے کے لیے تمام بنیادی عنصر کا ڈیٹا شامل ہو گا۔
- **نیو ونڈسر کا قصبہ - MS4 نقشہ سازی کے لیے 75,000$ (مڈ-ہڈسن):** یہ ٹاؤن طوفان کے پانی کے نظام کی جامع نقشہ سازی مکمل کرے گا۔ اس پروجیکٹ میں ترجیحی علاقوں کی نقشہ سازی اور مجوزہ طوفانی پانی کے ریٹروفٹس شامل ہوں گے۔

**نان پوائنٹ سورس منصوبہ بندی رپورٹس:**

- **سینیکا فالز کا قصبہ - چشمے سے نکلنے والی ندی کی مرمت اور تبدیلی کے لیے 30,000$ (فنگر لیکس):** یہ ٹاؤن بائیارڈ اسٹریٹ پر چشمے کی ایک ناکارہ ندی کا بندوبست کرنے کے لیے ایک انجینئرنگ رپورٹ تیار کرے گا۔ اس پروجیکٹ سے کایوگا جھیل کے پانی کے علاقے میں کٹاؤ کم ہو جائے گا۔
- **ایلیگینی کاؤنٹی مٹی اور پانی کو محفوظ بنانے کا ڈسٹرکٹ - چشموں کے کنارے/ ساحلی کنارے کو پختہ کرنے کے لیے 30,000$ (مغربی نیویارک):** مٹی اور پانی کو محفوظ بنانے کا ڈسٹرکٹ، چشمے کے کنارے کو پختہ کرنے کا ایک سروے اور انجینئرنگ ڈیزائن کا منصوبہ مکمل کرے گا تاکہ کینیڈیا کے قصبے میں چشمے کے ٹوٹتے ہوئے کنارے کو پختہ کیا جا سکے۔ یہ پروجیکٹ دریائے جینسی میں غذائی اجزاء کے کٹاؤ میں کمی لائے گا اور علاقے میں بنیادی ڈھانچے کی حفاظت کرے گا۔
- **کورٹ لینڈ کاؤنٹی مٹی اور پانی کو محفوظ بنانے کا ڈسٹرکٹ - چشمے کی راہداری کے جامع جائزے کے لیے 75,000$ (وسطی نیویارک):** مٹی اور پانی کو محفوظ بنانے کا ڈسٹرکٹ، ٹراؤٹ بروک اور سمتھ بروک واٹر شیڈز کے لیے، امریکی آبی رابطے کے ایک جامع نیٹ ورک کو استعمال کرتے ہوئے، سیلاب کے خطرات سمیت چشمے کی راہداری کے ایک جامع جائزے کی تشخیص تیار کرے گا۔ یہ رپورٹ، چشمے کی 70 میل سے زیادہ طویل راہداری کے ڈیٹا میں اضافہ کرے گی اور کٹاؤ پر قابو پانے کے لیے ترجیحات کی دستاویز تیار کرے گی۔

***صاف* پانی کے حوالے سے نیو یارک کا عزم**

نیو یارک نے صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے میں اپنی سرمایہ کاریوں میں اضافہ کرنے کا عمل جاری رکھا ہوا ہے۔ ابھی حال ہی میں، گورنر Hochul نے، 2023 کے اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ اور ایگزیکٹو بجٹ میں صاف پانی کی فنڈنگ میں اضافی 500$ ملین کی سرمایہ کاری کی تجویز پیش کی تھی، جس سے نیویارک کے صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی کُل سرمایہ کاری 2017 سے اب تک 5$ بلین تک پہنچ گئی ہے۔ ان سرمایہ کاریوں سے فائدہ اٹھانے اور مقامی حکومتوں کے ساتھ جاری ہم آہنگی کو یقینی بنانے کے لیے، گورنر نے چھوٹی، دیہی، اور پسماندہ کمیونٹیز تک فعال رسائی فراہم کرنے کے لیے کمیونٹی معاونتی ٹیمز بنانے کی تجویز پیش کی ہے تاکہ انہیں صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مالی امداد تک رسائی میں مدد ملے۔ یہ اقدام حال ہی میں کیا گیا ہے اور رابطہ کاری کی میٹنگز تاحال جاری ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، https://efc.ny.gov/CAT پر جائیں۔

مزید برآں، نومبر 2022 میں 4.2$ بلین کے صاف پانی، صاف ہوا، اور سرسبز ملازمتوں کے ماحولیاتی بانڈ ایکٹ کی ووٹرز کی جانب سے منظوری کے ساتھ، پانی کے بوسیدہ ہوتے بنیادی ڈھانچے کو اپ ڈیٹ کرنے اور پانی کے معیار کی حفاظت کرنے؛ شدید طوفانوں اور سیلاب کا سامنا کرنے کے لیے کمیونٹیز کی صلاحیت کو مضبوط بنانے؛ فضائی آلودگی کو کم کرنے کے ساتھ آب و ہوا کو تبدیل کرنے والے اخراج کو بھی کم کرنے؛ رہائشی مقامات کو بحال کرنے؛ بیرونِ خانہ مقامات اور مقامی فارمز کو محفوظ رکھنے؛ اور کم از کم 35 فیصد سرمایہ کاری کر کے مساوات کو یقینی بنانے کے لیے اضافی، تاریخی سطحوں کی فنڈنگز کو بڑھایا جا رہا ہے، جب کہ ہدف یہ ہے کہ، پسماندہ کمیونٹیز میں وسائل کی فراہمی کے لیے، یہ فنڈنگ 40 فیصد تک کی جا سکتی ہے۔

***مستحکم* فنڈنگ کی درخواست کے بارے میں**

آج اعلان کردہ گرانٹس مستحکم فنڈنگ کی درخواست (Consolidated Funding Application, CFA) کے عمل کے ذریعے مکمل کیے جانے کے بعد جاری کی گئی تھیں۔ CFA کا عمل، افسر شاہی کے عمل دخل میں کمی اور استعداد کار میں اضافے کو یقینی بناتے ہوئے، ریاستی وسائل کی تفویض کاری میں ایک اہم بنیادی منتقلی کا کام سرانجام دیتا ہے، تاکہ مقامی اقتصادی ترقی کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ CFA اقتصادی ترقی کی فنڈنگ تک رسائی کے لیے واحد داخلہ جاتی مقام کی حیثیت کا حامل ہے، اور درخواست دہندگان کے لیے اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ انہیں بنا کسی اشتراکی طریقہ کار کے متعدد ایجنسیوں اور وسائل کی تلاش کے عمل میں مزید سست روی کا

سامنا نہ ہو۔ اب، اقتصادی ترقیاتی پروجیکٹس CFA کو ایک درخواست کے ذریعے ریاستی فنڈنگ کے متعدد ذرائع تک رسائی کے لیے معاون طریقۂ کار کے طور پر استعمال کرتے ہیں، جس سے اس عمل کو تیز تر، نسبتاً آسان اور زیادہ نتیجہ خیز بنایا جاتا ہے۔ CFA سے متعلق مزید یہاں جانیں۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418